اگر اس دستاویز اور انگریزی/چینی ورژن کے درمیان کوئی غیر ہم آہنگی یا اختلاف پایا جاتا ہے، تو انگریزی/چینی ورژن کو فوقیت حاصل ہو گی۔

# اقتصادی صحت

## اپنے کریڈٹ کو منتظم کرنا

کریڈٹ کو منتظم کرنا آپ کے لیے اہم ہے۔ کریڈٹ آپ کو ضروری لچکداری دے کر آپ کی زندگی کو آسان بناتا ہے۔ جب بھی آپ چھٹی لے رہے ہوں، خریداری کر رہے ہوں یا کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹ رہے ہوں، کریڈٹ آپ کی زندگی میں ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اور اپنے کریڈٹ کو سمجھداری سے منتظم کرنا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کے پاس ضرورت کے وقت کریڈٹ موجود ہو گا۔

وقت کے ساتھ ایک صحت مند کریڈٹ پروفائل برقرار رکھنا اہم ہے۔ کیونکہ زیادہ تر قرض دہندگان آپ کے اکاؤنٹ کی سرگرمی کے متعلق کریڈٹ ریفرنس ایجنسیوں کو آگاہ کرتے ہیں، جیسا کہ قابل اطلاق کوڈ آف پریکٹس آن کنزیومر کریڈٹ ڈیٹا کے تحت اجازت شدہ ہے، ایک صحت مند کریڈٹ ریکارڈ آپ کی پوری اقتصادی ساکھ اور مجموعی کریڈٹ پروفائل کو بہتر بناتا ہے۔ اگلی مرتبہ جب آپ گاڑی کے لیے قرضے یا مورگیج کے لیے درخواست دیں گے، تو آپ کو خوشی ہو گی کہ آپ نے ایسا کیا۔

اپنے کریڈٹ کو موثر طور پر منتظم کرنا فیصلہ کرنے کی زیادہ ذاتی طاقت اور زیادہ اقتصادی آزادی فراہم کرتا ہے، مگر اس کے ساتھ سمجھدارانہ فیصلے کرنے کی ذمہ داری بھی آتی ہے۔

## اپنی اقتصادی صحت کو بہتر بنانا

یہاں پر اپنے اقتصادی معاملات کو قابو میں رکھنے، اور کریڈٹ کو اپنے خلاف کام کرنے کی بجائے، اپنے حق میں استعمال کرنے کے لیے کچھ مشورے ہیں۔

- ایک بجٹ رکھیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کو علم ہو کہ کیا آ رہا ہے اور کیا جا رہا ہے۔ اس طرح آپ برے جھٹکوں سے بچ سکیں گے۔
- اچانک خریداریوں سے گریز کریں۔ اگر آپ کو ٹھوس نقدی میں ادا کرنا ہوتا، تو کیا آپ یہ خریداری کریں گے؟
- "اپنے ارد گرد خریداری" کو عادت بنا لیں۔ دیگر اقسام کے دستیاب کریڈٹ کے اخراجات اور قدر کا موازنہ کیے بغیر – کبھی بھی کوئی کریڈٹ حاصل نہ کریں۔
- کسی بھی درخواست پر دستخط کرنے سے پہلے کریڈٹ فیسلٹی کی شرائط و ضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیں۔
- دوسروں کی جانب سے کسی قرضے پر مشترکہ دستخط کرنے یا کسی قرضے کی ضمانت دینے کے حوالے سے احتیاط کریں۔ یاد رکھیں کہ اگر قرض لینے والا قرض واپس نہیں کرتا، تو آپ کو اس کی ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ قرض لینے والے سے پوچھیں کہ قرضے کی شرائط کیا ہیں، اس کی آمدنی کیا ہے اور عمومی طور پر اپنے آپ کو مطمئن کر لیں کہ قرض لینے والے کے پاس قرض واپس ادا کرنے کے ذرائع ہیں۔ اس میں شامل خطرات کو جانیں، تاکہ آپ باخبر اور سمجھدار فیصلہ کر سکیں۔
- کریڈٹ احتیاط سے استعمال کریں۔ آپ کو اپنی واپس ادائیگی کی صلاحیت کا جائزہ لینا چاہیے اور گنجائش سے زیادہ قرض لینے سے گریز کریں (صرف اس صورت میں قرض لیں، اگر آپ اسے واپس ادا کر سکتے ہوں)۔ کسی قرض کے لیے درخواست دینے سے پہلے، کیا آپ کو اپنی معاشی حالت، روزانہ کے اخراجات اور قرض کی اصل ضرورت کی واضح سمجھ ہے؟ کیا آپ اپنے مقصد

کے لیے درست قسم کا کریڈٹ استعمال کر رہے ہیں؟ کیا آپ ضرورت سے زیادہ مہنگی قسم کا کریڈٹ استعمال کر رہے ہیں؟ آپ کو کتنے کریڈٹ کارڈز واقعی ضرورت ہیں؟ کیا آپ انہیں صرف اس وجہ سے استعمال کر رہے ہیں کہ وہ آپ کے پاس ہیں؟

**اقتصادی منصوبہ بندی**

اگر آپ مستقبل، گھر خریدنے یا ریٹائرمنٹ کے لیے بچت کا سوچ رہے ہیں، تو اپنے بینکوں سے بات کریں یا ان کی ویب سائٹس ملاحظہ کریں، جو مشورہ اور ٹولز فراہم کرتی ہیں۔ ان میں سے کئی ہانگ کانگ ایسوسی ایشن آف بینکس (www.hkab.org.hk) کی ویب سائٹ سے جڑی ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ کو اینویسٹر اینڈ فائنانشل ایجوکیشن کاؤنسل کی ویب سائٹ https://www.ifec.org.hk/web/en پر بھی اسی طرح کے مفید ٹولز اور معلومات مل سکتی ہے۔

**خطرے کی علامات**

ضروری نہیں ہے کہ اقتصادی مسائل، کریڈٹ کارڈ کے زیادہ قرضے سے لے کر گھر کی مورگیج کی ادائیگی وقت پر نہ کرنے تک، خراب اقتصادی انتظام کا نتیجہ ہوں۔ بعض اوقات معاشی حالات آپ کے قابو سے باہر ہوتے ہیں۔ وجہ سے قطع نظر، پیسوں کے مسائل کے حوالے سے پریشانی ہماری کام کی زندگی اور خاندانی زندگی، دونوں کو متاثر کر سکتی ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کو معاشی مسئلے کی علامات نظر نہ آئیں، اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو چکی ہو۔ مگر ذاتی معاشی مسائل ایک رات میں نہیں ہو جاتے۔ ایسی کئی تنبیہی علامات ہوتی ہیں، جو بتاتی ہیں کہ قرض کے مسائل قابو سے باہر ہو سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر، آپ:

- باقاعدگی سے اپنے بلز پر صرف کم از کم واجب الادا رقم ادا کر رہے ہیں۔
- کسی زیادہ سود والے قرض دہندہ سے ادھار لے کر قرضوں کو مستحکم کر رہے ہیں؟
- رقم کی بچت کرنا یا اپنی بچت سے روزانہ کے اخراجات وقت پر ادا کرنے کو ناممکن محسوس کر رہے ہیں؟
- بنیادی اخراجات پورے کرنے کے لیے دوستوں اور رشتہ داروں سے ادھار لے رہے ہیں؟

اگر آپ نے ان میں سے کسی سوال کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ شدید اقتصادی مسائل کی جانب بڑھ رہے ہوں۔

**اقتصادی مشکلات سے نمٹنا**

قرضے سے نکلنے کا کوئی آسان طریقہ نہیں ہے۔ کچھ اشتہارات اس بات کو فروغ دیتے ہیں کہ دیوالہ پن اپنے آپ کو قرض سے آزاد کرنے کا ایک آسان طریقہ ہے۔ تاہم، بینک رپٹسی یا دیوالہ پن کے نتائج بہت دور رس ہوتے ہیں اور معاشی مسائل کے حل کے لیے آخری انتخاب ہونا چاہیے۔ حقیقت میں، کئی بینک رپٹسیوں اور ان سے جڑی بدنامی سے بچا جا سکتا ہے۔ یہاں کئی ممکنہ متبادل ہیں:

اسے خود ٹھیک کریں:

- ہو سکتا ہے کہ اگر آپ اپنی رقم کو ذرا زیادہ احتیاط سے منتظم کریں، تو آپ کے قرضے کا مسئلہ حل ہو جائے۔ ایسی جگہوں کو دیکھیں، جہاں آپ اخراجات کو کم کر سکیں اور اس رقم کو اپنا قرض کم کرنے کے لیے استعمال کریں۔
- ادائیگیاں کم کرنے کے لیے اپنے گھر، کار کے یا ذاتی قرضوں کو ری فائنانس یا تبدیل کریں۔
- اپنے یا اپنے شریک حیات کے لیے ایک جز وقتی نوکری پر غور کریں۔

اپنے قرض دہندگان سے بات کریں:

- آپ کو اپنے قرض دہندگان کو پہلے کال کرنی چاہیے۔ اگر آپ جلدی عمل کریں اور مشورہ لیں گے، تو قرضے کے مسائل حل کرنا زیادہ آسان ہوتا ہے۔ تاخیر کرنے پر مسائل جمع ہو جاتے ہیں۔
- جب کوئی حقیقی اقتصادی مشکل ہو، تو اس کا حل تلاش کرنا قرض دہندہ اور آپ، دونوں کے مفاد میں ہو گا۔ قرض دہندگان آپ کے ادائیگی کے عرصے کو بڑھا سکتے ہیں یا اگر آپ ایک سے زیادہ قرض دہندگان کے مقروض ہیں، تو وہ آپ کو قرض وصولی کی سرگرمیاں رکوانے اور اپنے قرضے کو مستحکم یا ری فائنانس کرنے میں مدد دینے کے لیے دوسرے قرض دہندگان سے رابطہ کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

**انٹربینک ڈیٹ ریلیف پلان**

اگر آپ کئی فائنینشل کریڈیٹرز سے قرض لے چکے ہیں، تو آپ اپنے فائنینشل کریڈیٹرز کے ساتھ ایک انٹربینک ڈیٹ ریلیف پلان کی درخواست کر سکتے ہیں۔ وہ مل کر کام کریں گے اور اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ آیا ایک ایسی تجویز دی جا سکتی ہے، جس میں آپ کو رہنے کے لیے گھرانے کا ایک بجٹ دیا جائے، جبکہ آپ واجب الادا بیلنس کو ختم کرنے کے لیے اپنے دستیاب معاشی وسائل کو زیادہ سے زیادہ کرنے کی کوشش کریں۔

ایک انٹربینک ڈیٹ ریلیف پلان آپ کو درج ذیل چیزوں میں مدد دے سکتا ہے:

- کسی قسم کی ادائیگی یا چارجز کے بغیر واپسی کی ماہانہ ادائیگیوں اور اپنے قرضے کی غیر محفوظ شدہ ادائیگیوں کی شرائط پر دوبارہ بات چیت؛
- ان ادائیگیوں کو ملانا اور انہیں ایک واحد ماہانہ قسط کی صورت میں ادا کرنا؛
- کلیکشن ایجنٹس کی جانب سے کارروائی، تنخواہ سے کٹوتی یا قانونی کارروائی سے بچنا؛
- دیوالیہ پن سے بچنا اور قرض داروں کے لیے اس سے جڑے مسائل، مثلًا مستقبل میں کریڈٹ حاصل کرنے میں مشکلات، سفری پابندیاں وغیرہ، سے بچنا؛
- اقتصادی استحکام کی راہ پر چلتے ہوئے بینکاری کرنا؛ اور
- مستقبل کے لیے ایک مثبت کریڈٹ ٹریک ریکارڈ بنانا۔

اگر ضرورت ہو، تو پہلے قدم کے طور پر، آپ کو اپنے بڑے اقتصادی کریڈیٹرز کے ساتھ رابطہ کرنا چاہیے۔ آپ کے ساتھ ابتدائی میٹنگ پر، اقتصادی کریڈیٹر آپ کو اس میں شامل عمل کی وضاحت کرے گا اور یہ کہ آپ کو اپنی رضامندی کے طور پر اقتصادی کریڈیٹرز کو کیا معلومات اور دستاویزات دینی ہوں گی۔ اگر اقتصادی کریڈیٹرز کی جانب سے ایک انٹربینک ڈیٹ ریلیف پلان پر اتفاق ہو جاتا ہے، تو آپ کو اس تجویز پر نظر ثانی کرنے اور اسے قبول کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنے کے لیے وقت دیا جائے گا۔

**"انٹربینک ڈیٹ ریلیف پلان آپ کے لیے بینک رپٹسی سے بہتر کام کر سکتا ہے!"**

**بینک رپٹسی یا دیوالیہ پن**

دیوالیہ پن کی درخواست ایک ایسا انتخاب ہے، جو آپ کو صرف اس صورت میں لے سکتے ہیں اور آپ کو لینا چاہیے، اگر آپ نے دیگر تمام مندرجہ بالا متبادل استعمال کر لیے ہوں۔ ایک مرتبہ آپ کی بینک رپٹسی کی صورتحال کا علم ہونے پر آپ کے کریڈیٹرز قرض وصولی کی سرگرمیاں روک دیں گے اور اس وقت تک، جب تک کہ آپ غیر برخاست شدہ ہوں، آپ کی معاشی حالت کا جائزہ لینے اور آپ کے معاشی معاملات کی نگرانی کرنے کے لیے بینک رپٹسی کے ایک متولی کو متعین کیا جائے گا۔ تاہم، یہ انتخاب کریڈٹ کے حساب سے ناپسندیدہ ترین ہے اور ایک قیمت کے ساتھ آتا ہے۔ ایک نقصان یہ ہے کہ یہ بہت لمبے عرصے تک آپ کی کریڈٹ رپورٹ پر نظر آتا ہے۔ ایک اور نقصان یہ ہے کہ آپ کو مستقبل میں فائنانسنگ حاصل کرنے میں مشکل ہو سکتی ہے اور خاص طور پر، آپ کو کریڈٹ کارڈز، کنزیومر فائنانس حاصل کرنے یا مورگیج فائنانس کے ذریعے جائیداد خریدنے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔

**بینک رپٹسی کے متعلق کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات**

**مجھے بینک رپٹسی کی درخواست دینے سے پہلے کیا تیار کرنا چاہیے؟**

کوئی فیصلہ کرنے سے پہلے اپنے بینکس یا اقتصادی یا قانونی مشیران کے ساتھ مشورہ کرنا بہتر ہو گا۔ وہ آپ کو اپنی معاشی صورتحال کا جائزہ لینے میں مدد دے سکتے ہیں اور آپ کو اس حوالے سے فیصلہ کرنے کے لیے حقائق فراہم کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے لیے بینک رپٹسی درست انتخاب ہے۔ کچھ مخصوص چیزوں کا ذکر ضروری ہو گا:

- اگر آپ بینک رپٹسی کی درخواست دینے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو اپنے کریڈٹ کارڈز استعمال کرنے چھوڑ دینے چاہیں۔ اگر آپ نے بینک رپٹسی سے پہلے اس خاص نیت سے رقم ادھار لی تھی کہ آپ اسے واپس کرنے کی بجائے بینک رپٹسی میں ختم کروا دیں گے، تو ہو سکتا ہے کہ اس قرضے کو ختم نہ کیا جا سکتا ہو۔ مخصوص حالات میں، آپ فراڈ کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔
- اپنے اثاثوں کو کریڈیٹرز سے بچانے کے لیے انہیں دوستوں، خاندان اور کاروباری تعلق داروں کو منتقل نہ کریں۔ اس منتقلی کو فراڈ پر مبنی سمجھا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہو، تو ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے اثاثے اور بینک رپٹسی ڈسچارج کا حق، دونوں کھو دیں۔ اس کے علاوہ، ہو سکتا ہے کہ آپ مجرمانہ فعل کے مرتکب ہوں۔
- کوئی بھی کاروباری یا اقتصادی ریکارڈز تباہ نہ کریں۔ اس کے نتیجے میں ہو سکتا ہے کہ آپ بینک رپٹسی ڈسچارج کا اپنا حق کھو دیں اور مجرمانہ فعل کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔

**بینک رپٹسی آرڈر کے نتائج کیا ہیں؟**

اس کے نتائج دور رس ہیں اور ان میں شامل ہیں:

- آپ کے لیے، قرض دار کے طور، ضروری ہے کہ آپ عدالت کو اپنے تمام اثاثوں اور قرضوں کے متعلق بتائیں اور تمام غیر مستثنٰی اثاثے متولی کے حوالے کر دیں، جو آپ کے کریڈیٹرز کو تقسیم کے لیے انہیں نقد رقم میں تبدیل کرتا ہے۔
- ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے کریڈیٹرز کے لیے اپنی ذاتی آمدنی میں سے ادائیگیاں کرنی پڑیں۔
- اگر آپ کا گھر ملکیتی ہے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کے قرضوں کی ادائیگی کے لیے اسے فروخت کرنے کی ضرورت ہو۔
- ہو سکتا ہے کہ آپ کو متولی کو بتانا ہو کہ آپ ہانگ کانگ سے جانا چاہتے ہیں اور متولی کے کہنے پر ہانگ کانگ واپس آنا ہو۔

- آپ کو فورًا اپنے کریڈٹ کارڈز اور ساتھ ہی ساتھ بینکس اور دیگر اقتصادی اداروں کے ساتھ اپنے اکاؤنٹس کو استعمال کرنا بند کرنا ہو گا۔ تاہم، عبوری متولی / متولی کی اجازت سے، آپ آمدنی وصول کرنے کے لیے ایک اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں۔
- آپ کریڈیٹر کو یہ بتائے بغیر 100HK$ سے زیادہ کا کریڈٹ حاصل نہیں کر سکتے کہ آپ ایک غیر برخاست شدہ بینک رپٹ ہیں۔
- ہو سکتا ہے کہ آپ عدالت کی اجازت کے بغیر مخصوص عوامی عہدے رکھنے یا کسی کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے قابل نہ ہوں۔
- ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی مخصوص ملازمت کے لیے اہل نہ رہیں۔
- بینک رپٹسی آپ کی کریڈٹ رپورٹ پر 8 سال اور بعض اورقات زیادہ عرصے کے لیے رہتی ہے۔ اس کے نتیجے میں، ہو سکتا ہے کہ آپ کو مستقبل میں کریڈٹ حاصل کرنے میں مشکل ہو۔ آپ کو ملنے والے کسی بھی کریڈٹ پر ہو سکتا ہے کہ سود کے ریٹس اور فیسوں کی مد میں زیادہ خرچہ ہو جائے۔

**کیا میرے نئے آجر کو میری بینک رپٹسی کے متعلق علم ہو گا؟**

بینک رپٹسی عوامی ریکارڈ کا حصہ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، مخصوص حالات میں، ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے آجروں کو نوکری کی درخواست میں اپنی موجودہ یا سابقہ بینک رپٹسیوں کے متعلق بتانا ہو۔

**کیا مجھے عدالت کو اپنے تمام اثاثوں کے متعلق بتانا ہو گا؟**

ہاں۔ اگر آپ جان بوجھ کر اور فریب دہی سے عدالت سے کوئی اثاثہ چھپاتے ہیں، تو آپ نے ایک مجرمانہ فعل انجام دیا ہے اور آپ کو عدالت کی جانب سے قید کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، عدالت آپ کی بینک رپٹسی کی برخاستگی کو مزید 4 سال کے لیے معطل کر سکتی ہے۔

**کیا میں 4 سال کے بعد خودبخود برخاست ہو جاؤں گا؟**

عمومی حالات میں، بینک رپٹسی سے برخاستگی 4 سال بعد ہو جاتی ہے۔ تاہم، برخاستگی خوبخود نہیں ہوتی۔ کچھ حالات میں، کریڈیٹرز آپ کی برخاستگی پر اعتراض کر سکتے ہیں اور بینک رپٹسی کے عرصے کو 8 سال تک بڑھایا جا سکتا ہے۔

**رابطہ معلومات**

**دی ہانگ کانگ ایسوسیئیشن آف بینکس**

روم 525، پرنسز بلڈنگ،
سنٹرل، ہانگ کانگ
ٹیلیفون 1169 2521 فیکس: 5035 2868
ای میل: info@hkab.org.hk

**دی DTC ایسوسی ایشن**

یونٹ 1704، F/17، بون ہیم ٹریڈ سنٹر،
50 بون ہیم سٹرینڈ ایسٹ،
شیونگ وان، ہانگ کانگ
ٹیلیفون 4079 2526 فیکس: 0180 2523
ای میل: dtca@dtca.org.hk

**دی ہانگ کانگ S.A.R. لائسنسڈ منی لینفرز ایسوسئیشن لمیٹڈ**

F/21.، ایلائیڈ کاجیما بلڈنگ،
138 گلوسیسٹر روڈ،
ونچائی، ہانگ کانگ
ٹیلیفون 8281 2827 فیکس: 8292 2827
ای میل: enquiry@lmla.com.hk

**ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی**

F/55.، ٹو IFC،
8 فائنانس اسٹریٹ،
سنٹرل، ہانگ کانگ
ٹیلیفون 8196 2878 فیکس: 8197 2878
ای میل: publicenquiry@hkma.gov.hk

**کنزیومر کونسل**

F/22.، K. واہ سنٹر،
191 جاوا روڈ،
نارتھ پوائنٹ، ہانگ کانگ
ٹیلیفون 3113 2856 فیکس: 3611 2856
ای میل: cc@consumer.org.hk

ہانگ کانگ ایسوسی ایشن آف بینکس، DTC ایسوسی ایشن اور ہانگ کانگ S.A.R اور لائسنسڈ منی لینڈرز ایسوسی ایشن کی جانب سے مشترکہ طور پر جاری شدہ اور ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی کی جانب سے تصدیق شدہ۔ کنزیومر کونسل صنعت کی جانب سے صارفین کو ناقابل استحکام قرض داری کے مسائل کے متعلق آگاہ کرنے کی کوششوں کو سراہتی ہے اور اقتصادی صحت کی اہمیت کے متعلق عوامی آگاہی کے فروغ کو خوش آمدید کہتی ہے۔